6449 ـ کیا بت پرست کے ساتھ کیا ہوا وعدہ پورا کرے ؟

سوال

ہندو کے ساتھ کیا ہوا وعدہ جس میں اللہ تعالی کی شریعت کی مخالفت نہیں پائی جاتی اسے پورا کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ایسا وعدہ جس میں کوئی شرعی مخالفت نہ پائی جاتی ہو اسے پورا کرنا واجب ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

اور تم وعدوں کو پورا کرو، کیونکہ وعدوں کی باز پرس ہو گی الاسراء (34).

چاہے وہ وعدہ کسی ہندو کے ساتھ ہو یا کسی اور کے ساتھ، جب وعدہ پوار کرنے میں اسلام کو کسی قسم کا گزند اور نقصان نہیں پہنچتا تو اسے پوار کرنا چاہیے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.